NHS Greater Glasgow and Clyde

آکیوٹ سروسز ڈویژن

اپنی وہیل چیئر کو گاڑی میں لے کر جانے کے بارے میں معلومات

(Information about Transporting your Wheelchair in a Vehicle – URDU)

ویسٹ آف اسکاٹ لینڈ موبلٹی اینڈ ریہبلیٹیشن سینٹر(WestMARC)
کوئین الزبتھ یونیورسٹی ہاسپیٹل
1345 گواہن روڈ
گلاسگو G51 4TF

ٹیلیفون: 0300 790 0129

ای میل: westmarc@ggc.scot.nhs.uk

mi•304367 v2.0

تاریخ نظر ثانی:دسمبر 2022

یہ کتابچہ آپ کو اس بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے کہ خود کو اور اپنی وہیل چیئر کو گاڑی میں محفوظ طریقے سے کیسے منتقل کیا جائے۔

اپنی وہیل چیئر سے باہر منتقلی

وہیل چیئر صارف کے طور پر جب بھی ممکن ہو آپ کو نقل و حمل کے لیے گاڑی کی سیٹ پر

منتقل ہونا چاہیے۔ اس کے بعد آپ کی وہیل چیئر اور متعلقہ سامان گاڑی میں محفوظ کیا جانا چاہیے۔

اگر سامان کے لیے مناسب قسم کا بند ڈبہ دستیاب نہ ہو تو آپ کو وہیل چیئر کو محفوظ رکھنے کے لیے پٹے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

یہ ضروری ہے کہ آپ کی وہیل چیئر کو محفوظ طریقے سے لے جایا جائے تاکہ ٹکرا جانے کی صورت میں چوٹ نہ لگے۔

اگر آپ صرف اپنی وہیل چیئر پر ہی سفر کر سکتے ہوں

آپ کو اپنی وہیل چیئر مینوفیکچررز کے یوزر مینوئل[صارفین کا کتابچہ] میں دیے گئے مشورے پر ہمیشہ عمل کرنا چاہیے۔

- نقل و حمل کے دوران آپ کی وہیل چیئر گاڑی میں محفوظ ہونی چاہیے۔ آپ کو اپنی وہیل چیئر وہیل چیئر ٹائی ڈاؤن سسٹم کے ساتھ محفوظ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- نقل و حمل کے دوران آپ کو گاڑی کی حفاظتی بیلٹ یا ہارنس پہننے کی ضرورت ہوگی۔ آپ کو اپنی وہیل چیئر کے سیٹنگ کے نظام میں موجود ہارنس استعمال کرنے کی ضرورت بھی ہوگی کیونکہ

یہ آپ کی وضع کو سہارا دیتا ہے۔ تصادم کی صورت میں آپ کی وہیل چیئر کے اندر موجود ہارنس آپ کی حفاظت نہیں کرے گا۔

- نقل و حمل کے دوران آپ کی وہیل چیئر کا رخ یا تو گاڑی کے آگے یا پیچھے کی طرف ہونا چاہیے نا کہ سائیڈ کی طرف۔
- تصادم کی صورت میں آپ کی وہیل چیئر پر رکھی گئی تیز دھار اشیاء ممکنہ طور پر چوٹ کا سبب بن سکتی ہیں۔ سیٹنگ کے کسی بھی طرح کے ملحقات (جیسا کہ پومل، ٹرے) جو وہیل چیئر پر بیٹھتے وقت آپ سہولت کو بہتر نہ کرتے ہوں کو ہٹانے پر غور کرنا چاہیے۔
- تصادم کی صورت میں آپ کی وہیل چیئر پر لگا ہوا ہیڈریسٹ وہیپلیش [گردن میں ہونے والا زخم جو سر کو آگے اچانک حرکت دینے سے پیدا ہوتا ہے] کے خطرے کو کم کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ اگر آپ کی وہیل چیئر پر ہیڈریسٹ موجود ہو تو یہ آپ کی وضع کو سہارا دینے کے لیے ہے، گاڑی کو حادثہ پیش آنے کی صورت میں اس کی کارکردگی کو ٹیسٹ نہیں کیا گیا۔

برقی وہیل چیئرز کی نقل و حمل

آپ کو دستی وہیل چیئر کی نقل و حمل کے بارے میں فراہم کردہ مشورے پر عمل کرنا چاہیے تاہم براہ کرم درج ذیل نکات نوٹ فرمائیں:

- سخت کلیمپ والا وہیل چیئر ٹائی ڈاؤن سسٹم برقی وہیل چیئرز کے لیے موزوں نہیں ہوتا لہذا آپ کو اسے استعمال نہیں کرنا چاہیے۔
- وہیل چیئر کی بیٹریوں کو مناسب طریقے سے کنٹرول کیا جانا چاہئے، برقی ترسیل بند کر دی جائے اور اگر دستی بریک موجود ہوں تو لگائے جائیں۔

مزید معلومات کے لئے

آپ اپنی ٹرانسپورٹ کے فراہم کار سے رابطہ کر سکتے/سکتی ہیں۔

اگر آپ کے پاس اپنی وہیل چیئر کے مینوفیکچرر کا صارفین کا کتابچہ موجود نہ ہو تو آپ **0300 790 0129** پر WestMARC سے رابطہ کر کے ایک کاپی کی درخواست کر سکتے/سکتی ہیں۔